DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI

PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION: 2024-25

CLASS: X

SUBJECT: URDU- B(303)

TIME:3 Hrs. Max.Marks :80

عام ہدایات

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

حصّہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال 1 مندرجہ ذیل غیر درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5X1=5)

پریم چند کی پیدائش بنارس کے ایک گاؤں لمہی میں ہوئی۔ اُن کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔ کنبے کے لوگ نواب رائے بھی کہتے تھے۔ دادا گر سہائے لال، پٹواری تھے اور والد عجائب لال ڈاک خانے میں منشی تھے۔ والدہ آنندی دیوی کے مائکے کے لوگ بھی تعلیم یافتہ تھے۔ پریم چند کی ابتدائی تعلیم گاؤں کے مدرسے میں ہوئی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد 1899 میں بنارس کے قریب چنار گڑھ کے ایک مشن اسکول میں اسسٹینٹ ماسٹر کی حیثیت سے وہ ملازم ہو گئے۔ اسی زمانے میں ادب کا باقاعدہ مطالعہ شروع کیا۔ چنار مشن اسکول کے بعد، جولائی 1900 میں بہرائچ کے ضلع اسکول میں ماسٹر کی حیثیت سے ملازم ہوئے اسی سال ستمبر میں، فرسٹ ایڈیشنل ماسٹر کی حیثیت سے ان کا تبادلہ پرتاپ گڑھ ہو گیا۔ 1902 میں تدریس کی باقاعدہ تربیت حاصل کرنے کے لیے الہ آباد کے ٹریننگ کالج میں داخلہ لیا اور فرسٹ ڈویژن میں کامیابی حاصل کی۔ اسی زمانے میں انھوں نے ہندی اور اردو اسپیشل ورنا کولر کا امتحان بھی پاس کیا۔ ٹریننگ کے بعد 1904 میں الہ آباد کے ایک ماڈل اسکول میں ہیڈ ماسٹر رہے۔ 1905 میں کان پور کے ضلع اسکول میں ماسٹر کی حیثیت سے تقرر ہوا۔ جون 1909 میں مہوبہ ضلع ہمر پور (یوپی) کے لیے تبادلہ ہو گیا اور تدریس کے بجائے اسکول کے معائنے کا کام سپرد کر دیا گیا۔ مہوبہ کے قیام کے دوران 1916 میں انٹرمیڈیٹ اور 1919 میں گورکھپور کے زمانہ قیام میں الہ آباد یونورسٹی سے پرائیویٹ طور پر بی۔ اے کا امتحان پاس کیا۔

(i) پریم چند کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) غازی پور میں

(B) اعظم گڑھ میں

(C) بنارس میں

(D) جون پور میں

(ii) پریم چند کا اصلی نام کیا تھا؟

(A) گنپت رائے

(B) دھنپت رائے

(C) دیپک رائے

(D) کشور رائے

(iii) پریم چند کے دادا کیا تھے؟

(A) پنچ

(B) وکیل

(C) پٹواری

(D) دکاندار

(iv) پریم چند الہ آباد کے ایک ماڈل اسکول میں کب ہیڈ ماسٹر رہے؟

(A) 1904

(B) 1905

(C) 1902

(D) 1901

(v) پریم چند نے پرائیویٹ طور پر بی۔اے کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

(A) دہلی یونیورسٹی

(B) علی گڑھ یونیورسٹی

(C) جامعہ ملیہ اسلامیہ

(D) الہ آباد یونیورسٹی

یا

صالحہ عابد حسین کا اصلی نام مصداق فاطمہ تھا۔ وہ پانی پت میں پیدا ہوئیں۔ ان کا تعلق حالی کے خاندان سے تھا۔ ان کی شادی ڈاکٹر عابد حسین سے ہوئی تھی، جو اپنے زمانے کے ممتاز دانشور تھے۔ صالحہ عابد حسین کے اہم ناول یادوں کے چراغ، قطرے سے گہر ہونے تک اپنی اپنی صلیب، ساتواں آنگن اور راہ عمل ہیں ا۔ انھوں نے افسانے بھی لکھے ہیں۔ ان کے کچھ مجموعوں کے نام اس طرح ہیں، نقش اول، ساز ہستی، درد درماں، تین چہرے وغیرہ۔ صالحہ عابد حسین نے بچوں کے لیے بھی کہانیاں اور مضامین لکھے ہیں جیسے سنہرے بالوں والے، بچوں کا دیس بہار سندر اور بچوں کے الطاف حسین حالی وغیرہ ان کی خودنوشت سوانح حیات کا نام سلسلہ روز و شب ہے۔

(i) صالحہ عابد حسین کا اصلی نام کیا تھا؟

(A) تصدیق حسین

(B) مصداق فاطمہ

(C) الطاف حسین

(D) زینب فاطمہ

(ii) یادوں کے چراغ کیا ہے؟

(A) ناول

(B) افسانہ

(C) داستان

(D) مضمون

(iii) صالحہ عابد حسین کی خودنوشت سوانح حیات کا کیا نام ہے؟

(A) یادوں کے چراغ

(B) سازِ ہستی

(C) راہِ عمل

(D) سلسلہ روز و شب

(iv) صالحہ عابد حسین کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(A) مومن کے

(B) غالب کے

(C) حالی کے

(D) آزاد کے

(v) نقش اول، سازِ ہستی، اور تین چہرے کیا ہیں؟

(A) داستان

(B) ناول

(C) افسانوی مجموعے

(D) مضامین

سوال 2۔ مندرجہ ذیل غیر درسی (شعری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5x1=5)

دیر سے ہی ایک ناسمجھ بچہ
اک کھلونے کے ٹوٹ جانے پر
اس طرح سے اداس بیٹھا ہے
جیسے میتّ قریب رکھی ہو
اور مرنے کے بعد ہر ہر بات

مرنے والے کی یاد آتی ہو
جانے کیا ذرا توقف سے
سوچ لیتا ہے اور روتا ہے
لیکن اتنی خبر کہاں اس کو
زندگی کے عجیب ہاتھوں میں
یہ بھی مٹی کا اک کھلونا ہے

(i) بچہ اداس کیوں بیٹھا ہے؟

(A) کھلونے کم تھے

(B) کھلونا پرانا ہونے پر

(C) کھلونے کے ٹوٹ جانے پر

(D) کھلونے غایب ہوگیے تھے

(ii) توقف کا مطلب ہے؟

(A) طاقت

(B) خوشی

(C) وقفہ

(D) توفیق

(iii) ٹوٹے کھلونے کو کس سے تشبیہ دی گی ہے؟

(A) میت سے

(B) زندگی سے

(C) مٹی سے

(D) پھول سے

(iv) شاعر نے مٹی کا کھلونا کسے کہا ہے؟

(A) زندگی کو

(B) موت کو

(C) انسان کو

(D) ناسمجھ بچے کو

(v) بچہ کس طرح اداس بیٹھا ہے؟

(A) جیسے سامنے باغ ہو

(B) جیسے شادی کی محفل میں ہو

(C) جیسے میت قریب رکھی ہو

(D) جیسے بیمار ہو

**یا**

سکھ ہو تو دل کھل جاتے ہیں
دکھ ہو تو آنکھ بھر آتی ہے
دکھ سکھ کی دنیا ایک ہی ہے
تفریق دھری رہ جاتی ہے
پودے تو ہزاروں ہوتے ہیں
ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے
وہ پورب ہو یا پچھّم ہو
پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

(i) مصرعہ مکمل کیجیے۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) بھر آتی ہے

(B) نم ہو جاتی ہے

(C) کھل جاتی ہے

(D) بند ہو جاتی ہے

(ii) آنکھ بھر آنا کے معنی ہیں؟

(A) خوش ہو جانا

(B) روشنی بڑھ جانا

(C) صاف صاف دکھایی دینا

(D) رو دینا

(iii) شاعر کے مطابق اگر سکھ ہو تو دل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) مل جاتے ہیں

(B) ہل جاتے ہیں

(C) کھل جاتے ہیں

(D) بھر آتے ہیں

(iv) "ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے" "ایک سی" کا مطلب ہے

(A) ایک جیسی

(B) ایک سے زیادہ ہونا

(C) الگ ہونا

(D) چمک ہونا

(v) شاعر نے نظم کے اس بند میں کیا پیغام دیا ہے

(A) مروّت کا

(B) ہمدردی کا

(C) ایکتا کا

(D) نفرت کا

سوال 3۔ مندرجہ ذیل درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گیے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

قرۃ العین حیدر 20 جنوری 1927 کو علی گڑھ میں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد سید سجاد حیدر یلدرم اور والدہ نذر سجاد حیدر دونوں ہی اردو کے ادیب تھے۔ والد کہانیاں لکھتے تھے اور ترجمے کرتے تھے۔ ان کا خاندان بہت بڑا تھا اور اس میں پڑھنے لکھنے کی پرانی روایت تھی۔ قرۃ العین اپنے بھائی سے کوئی دس سال چھوٹی تھیں اور سب کی لاڈلی تھیں۔ قرۃ العین کا مطلب ہی ہے آنکھوں کی ٹھنڈک پڑھنے لکھنے کا شوق انھیں بچپن ہی سے تھا۔ انھوں نے اپنی پہلی کہانی بی چوہیا گیارہ برس کی عمر میں لکھی۔ قرۃ العین نے اسکولی تعلیم دہرہ دون میں اور اعلیٰ تعلیم لکھنو میں حاصل کی۔ تاریخ ان کا پسندیدہ موضوع تھا۔ تقسیم ملک کے بعد وہ اپنے خاندان کے ساتھ پاکستان چلی گئیں۔ وہاں انھوں نے اپنا مشہور ناول آگ کا دریا لکھا۔ یہ ناول ہماری ڈھائی ہزار برس کی تاریخ پر پھیلا ہوا ہے۔

(i) قرۃ العین حیدر کہاں پیدا ہوئیں؟

(A) دہلی

(B) علی گڑھ

(C) کانپور

(D) بجنور

(ii) قرۃ العین حیدر اپنے بھائی سے کتنے سال چھوٹی تھیں؟

(A) بیس سال

(B) پانچ سال

(C) آٹھ سال

(D) دس سال

(iii) قرۃ العین حیدر کا کیا مطلب ہے؟

(A) دل کی ٹھنڈک

(B) آنکھوں کی روشنی

(C) آنکھوں کی ٹھنڈک

(D) دل کی دھڑکن

(iv) قرۃالعین حیدر نے اسکولی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

(A) بنارس

(B) شملہ

(C) دہرہ دون

(D) بنگلور

(v) قرۃالعین حیدر کا پسندیدہ موضوع کون سا تھا؟

(A) جغرافیہ

(B) ریاضی

(C) تاریخ

(D) فلسفہ

سوال 4۔مندرجہ ذیل درسی (شعری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گیے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے (5X1=5)

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی، کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے، کیا خوش نما اگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی، روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے، اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائگاں بنایا

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گیے ہیں؟

(A) نیکی اور بدی

(B) حمد

(C) پہاڑ اور گلہری

(D) اے شریف انسانو!

(ii) سبز لباس پہنا کر کسے جواں بنایا گیا ہے؟

(A) بیل بوٹوں کو

(B) زمین و آسمان کو

(C) میدانوں کو

(D) سمندروں کو

(iii) ہمیں گرمی اور روشنی کس سے ملتی ہے؟

(A) پیڑوں سے

(B) ستارے سے

(C) سورج سے

(D) چاند سے

(iv) نظم میں تسبیح خواں کہا گیا ہے؟

(A) انسان کو

(B) حیوان کو

(C) پیڑوں کو

(D) چڑیوں کو

(v) نظم میں کارخانہ سے کیا مراد ہے؟

(A) فیکٹری

(B) دنیا

(C) پہاڑ

(D) میدان

## حصہ ب : تحریری مہارت WRITING SKILL

سوال 5۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1X10=10)

(i) اسکول کا سالانہ جلسہ (ii) قومی تہوار (iii) صحت اور کھیل کود

سوال 6۔ سیکشن بدلنے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے (1X5=5)

یا

چھوٹے بھایی کے نام دل لگا کے پڑھنے کی ترغیب دینے کے لیے ایک خط لکھیے

سوال 7۔ محمد مجیب کے حالات زندگی اور طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔ (1X5=5)

یا

سبق 'خدا کے نام خط' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال8۔شاعرؔ میرتقی میرؔ کی حالات زندگی اوران کی شاعرانہ خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔ (1X5=5)

یا

نظم اے شریف انسانو! میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے۔

## حصّہ ج عملی قواعد GRAMMAR

سوال 9 ۔مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف آٹھ سوالات کے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ (8X2=16)

(i) کسی خاص شخص، خاص جگہ، اور خاص چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

(A) اسم معرفہ

(B) ضمیر

(C) اسم نکرہ

(D) متضاد

(ii) خط کی جمع ہے؟

(A) مکتوب

(B) رسائل

(C) کتاب

(D) خطوط

(iii) ارواح کا واحد بتائے؟

(A) راہی

(B) ریختہ

(C) روح

(D) روحی

(iv) دشمن کا متضاد بتائے۔

(A) ذلّت

(B) دوست

(C) عزّت

(D) مخالف

(v) لفظ آرام کا مترادف بتائیے

(A) عیش

(B) تکلف

(C) فتح

(D) صلح

(vi) وہ کام جو موجودہ وقت میں ہوا سے کیا کہتے ہے؟

(A) فعل حال

(B) فعل مستقبل

(C) فعل ماضی

(D) فعل ناقص

(vii) مندرجہ ذیل میں کون سے لفظ میں لاحقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(A) خوش گوار

(B) بدزبان

(C) بدنما

(D) ضرورت مند

(viii) جس جملے کے آخر میں (؟) کا نشان ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) سکتہ

(B) فجایہ

(C) سوالیہ

(D) ختمہ

(ix) لال قلعہ کیا ہے؟

(A) فعل

(B) اسم خاص

(C) ضمیر

(D) اسم عام

(x) رموز اوقاف کی ایک علامت ختمہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) جملے کے آغاز میں

(B) دو لفظوں کے درمیان

(C) جملے کے درمیان

(D) جملے کے اختتام پر

سوال10۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4X1=4)

بھیس بدلنا　مان رکھنا　پار اترنا　بول بالا ہونا

## حصّہ د ادب LITRATURE

سوال11۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ (3X2=6)

(i) افسانہ" کاٹھ کا گھوڑا" میں وزیر کی بے چینی کا سبب کیا تھا؟

(ii) سعادت علی کیسا آدمی تھا؟

(iii) ای ٹکٹ کسے کہتے ہیں؟

سوال 12۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2X1=2)

(i) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(ii) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟

سوال13۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2X2=4)

(i) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟

(ii) پہاڑ نے اپنی بڑائی میں کیا کہا؟

سوال14۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ (3X1=3)

(i) نظم اے شریف انسانو! کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) نظم پہاڑ اور گلہری" میں گھمنڈ او غرور کی باتیں کون کرتا ہے؟

(iii) نظم" نیکی اور بدی" کے شاعر کا نام کیا ہے؟